


# حیسکو پریس ریلیز مورخہ :15.10.2026

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن ہیر آباد، ٹنڈ الہیار-I، سیہون، سجاول، ماتلی، دولتپور، بھٹ شاہ، سیٹلائٹ ٹاؤن اور ساماروميں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 580 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے، 1341 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 38 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔

19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 80285 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جبکہ 1071 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3964 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کئے گئے، 435824 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 887 ٹرانسفارمرز منقطع کئے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 54 کروڑ 54 لاکھ سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویزن ہیر آباد، ٹنڈ الہیار-I، سیہون، سجاول، ماتلی، دولتپور، بھٹ شاہ، سیٹلائٹ ٹاؤن اور ساماروميں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 580 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے، 1341 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 38 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 80285 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے جا چکے ہیں جبکہ 1071 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3964 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کئے گئے، 435824 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 887 ٹرانسفارمرز منقطع کئے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 54 کروڑ 54 لاکھ سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویزن ٹنڈ الہیار کی سب ڈویزن ٹنڈ الہیار-I اور ڈویزن قاسم آباد کی سب ڈویزن ہیر آباد میں کارروائیوں کے دوران 195 غیر قانونی کنکشن منقطع اور 650 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 7 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویزن کوٹری کی سب ڈویزن سیہون، ڈویزن ٹھٹھہ کی سب ڈویزن سجاول اور ڈویزن ٹنڈو محمد خان کی سب ڈویزن ماتلی میں کارروائیوں کے دوران 148 غیر قانونی کنکشن اور 456 میٹر بجلی کی تاریں منقطع کی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 1 لاکھ 50 ہزار سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر ڈویزن نواب شاہ کی سب ڈویزن دولتپور، ڈویزن مٹیاری کی سب ڈویزن بھٹ شاہ میں کارروائیوں کے دوران 23 غیر قانونی کنکشن اور 155 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 6 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میر پور خاص فرمان ڈہانی کی ہدایت پر ڈویزن میر پور خاص کی سب ڈوزن سیٹلائٹ ٹاؤن اور عمر کوٹ کی سب ڈویزن سامارو میں کارروائیوں کے دوران 214 غیر قانونی کنکشن اور 80 میٹر غیر قانونی تار کاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 10 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویزنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جا سکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔




چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کارروائیاں جاری